SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر XV مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.XV OF 1989

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1989

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 7-A کا اضافہ
Insertion of section 7-A of Sindh Act VII of 1975
۳۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 8-A کا اضافہ
Insertion of section 8-A of Sindh Act VII of 1975

سندھ ایکٹ نمبر XV مجریہ ۱۹۸۹

SINDH ACT NO.XV OF 1989

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ACT, 1989

[۳۱ دسمبر ۱۹۸۹]

تمہید (Preamble)

ایکٹ جس کی توسط سے سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس ایکٹ کو سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) (ترمیم) ایکٹ، ۱۹۸۹ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 7-A کا اضافہ
Insertion of section 7-A of Sindh Act VII of 1975

۲۔ سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، سہولیات اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۷ کے بعد مندرجہ ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا:

صوابدیدی مالی امداد۔ "7-A۔ اسپیکر اس کی صوابدید میں ہوگا کہ سال کے دوران پچاس ہزار تک مالی

امداد کر سکے:
(۲) مالی امداد کے اکاؤنٹس سالانہ اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ یا اس کی طرف سے نامزد کردہ عملدار کی طرف سے آڈٹ کیئے جائیں گے۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ VII کی دفعہ 8-A کا اضافہ
Insertion of section 8-A of Sindh Act VII of 1975

۳۔ مذکورہ ایکٹ میں، دفعہ ۸ کے بعد، مندرجہ ذیل نئی دفعہ کا اضافہ کیا جائے گا:
ٹیلیفون۔ "8-A۔ اسپیکر کو حکومت کے خرچ پر آفیس میں دو ٹیلیفون اور رہائشگاہ پر دو ٹیلیفون استعمال کرنے کا حقدار ہوگا۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے، جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔